# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-II

09

| Version No. | 4 | 0 | 3 | 2 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25 منٹ — Group-I — حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبرا:** مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) ''چونکہ'' اور'' کیونکہ'' قواعد کی رو سے کون سے حروف ہیں؟

A حروفِ ندا B حروفِ استدراک C حروفِ علت D حروفِ ربط

2) ''ظہیر الدین بابر'' کس کی تحریر ہے؟

A خدیجہ مستور B مرزا فرحت اللہ بیگ C غلام رسول مہر D محمد حسین آزاد

3) چچا جان اور جمیل کی آپس میں چپقلش کی بنیادی وجہ کیا تھی؟

A بے روزگاری B جائیداد C سیاست D عالیہ کی رہائش

4) بیگم غیاث کو کیا عادت تھی؟

A جلدی جلدی بات کرنے کی B اپنا کام جلد نپٹانے کی C چپ رہنے کی D اونچی آواز میں بات کرنے کی

5) اخبار ''نئی دنیا'' کا دفتر کون سے شہر میں تھا؟

A کلکتہ B شملہ C لکھنؤ D دہلی

6) نظامی صاحب کو کون سی بیماری تھی؟

A تپ دق B شوگر C کینسر D دل کا عارضہ

7) ''یاایھا المزمل'' نظم کی ہیئت بتائیے۔

A مثلث B مخمس C مسدس D ترکیب بند

8) حالؔی کے مطابق قوموں کی رونق کیا ہے؟

A ہنر B حکومت C علم D معاشی خوشحالی

9) شاعر نے عبادت کس چیز کو کہا ہے؟

A جذبۂ تعمیر آزادی B خدا کی رضا C رزق کی تلاش D گردش

10) نظم ''رات اور ریل'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟

A انور مسعود B سید ضمیر جعفری C جوش ملیح آبادی D اسرار الحق مجاز

11) 'عدیم النظیر' کے معنی نشاندہی کیجیے۔

A ہم خیال B بے مثال C عمدہ D خالص

12) غلام ہمدانی مصحفؔی کا سنِ پیدائش بتائیے۔

A 1747ء B 1749ء C 1750ء D 1748ء

13) '' آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہونے تک'' کس شاعر کی غزل کا مصرع ہے؟

A مرزا غالبؔ B خواجہ میر دردؔ C فراقؔ گورکھپوری D مولانا الطاف حسین حالؔی

14) اقبالؔ کے نزدیک شیوۂ عشق کیا ہے؟

A خلوت نشینی B آزادی و دہر آشوبی C زناری D خدمتِ خلق

15) شاعر فراقؔ کے مطابق روزِ وصال کب ختم ہو گیا؟

A ساتھ چھوٹ جانے کے بعد B قافلۂ عشق کی روانگی کے بعد C موت کے آجانے کے بعد D آنکھ جھپکنے کے بعد

16) کتنی نظروں سے اک نظر ___________، مصرع مکمل کیجیے:

A دیکھا B جانا C سوچا D سمجھا

17) جب جملے میں بہت سے اسم آجائیں تو پھر فعل کس اسم کے مطابق آئے گا؟

A آخری اسم کے مطابق B پہلے اسم کے مطابق C دوسرے اسم کے مطابق D تیسرے اسم کے مطابق

18) مندرجہ ذیل میں حروفِ تاسف کون سے ہیں؟

A شاباش B آہا C ہائے ہائے D آفرین

19) :- یہ علامت کس کی ہے؟

A رابطہ B سکتہ C وقفہ D تفصیلیہ

20) اب دوست بھی دھوکہ دینے لگے ہیں، میں ''لگے'' کون سا فعل ہے؟

A امدادی فعل B فعل ناقص C فعل لازم D اصل فعل

---

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی -II

**GROUP – I**

وقت: 2:35 گھنٹے                                                    کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر ۲: درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) بھٹ شاہ کو عالمگیر شہرت کیسے حاصل ہوئی؟

(ii) سان فرانسسکو اور نیویارک کی ثقافتی رقابت کی کوئی مثال دیجیے۔

(iii) فرحت کی وجہ سے مولوی صاحب کے بارے میں کیا غلط فہمی پھیل گئی؟

(یا)

نعمت کے مطابق انسان کو ظرف نصیب نہ ہو تو نعمت لعنت بن جاتی ہے، یہ جملہ کس نے اور کس موقع پر کہا؟

(iv) سراپا معصیت میں ہوں، سراپا مغفرت وہ ہے
خطا کوشی روش میری، خطا پوشی ہے کام اس کا
درج بالا شعر میں شاعر نے کیا تاثر دیا ہے فنی محاسن کے ذریعے نمایاں کیجیے۔

(v) نظم ''آزادی'' کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔

(vi) اسرار الحق مجاز کے مطابق سفر انسان کو کیا چیز بھلا دیتا ہے؟

(یا)

شاعر انور مسعود کا قطعہ ''صاحب'' ہمارے معاشرے میں موجود کس المیہ کو ظاہر کرتا ہے؟

(vii) ناصؔر خود کو غم نہ کرنے کے لیے کیوں کہتا ہے؟

(viii) علامہ اقبالؒ نے عمل کے سلسلے میں عشق اور عقل کا کیا موقف بیان کیا ہے۔

(ix) مصحفی نے خود کو دفن کرنے سے منع کیوں کیا ہے؟

(یا)

ع تہمت چند اپنے ذمے دھر چلے
درج مصرع میں زندگی کی کس حقیقت کو واضح کیا گیا ہے؟

(x) جانا، اٹھنا اور چاہنا کو بطور امدادی فعل جملوں میں استعمال کیجیے۔

(xi) مطابقت کے اصولوں کے مطابق مندرجہ ذیل جملوں کو درست کیجیے:

الف۔ ایسی باتوں سے رعب اور وقار جاتے رہتے ہیں۔

ب۔ گھر ماں کی سلطنت ہوتا ہے۔

ج۔ اس کا مال اسباب گھربار سب کچھ بک گئے۔

(xii) خمسہ کی تعریف کیجیے اور مثال بھی لکھیے۔

(یا)

حرفِ استفہام کی تعریف کیجیے اور دو مثالیں بھی دیجیے۔

سوال نمبر ۳۔ چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیں جس میں اسے وقت کی پابندی کے فوائد سے آگاہ کیا گیا ہو۔ (8)

(یا)

ایک پرانے کمپیوٹر کی آپ بیتی لکھیے۔

## حصّہ سوم (کُل نمبر 36)

سوال نمبر۴۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ ہندوستان میں اسلام کے ظہور کے بعد پہلے عربی زبان نے فروغ پایا، پھر فارسی زبان کو عمومیت کا خلعت ملا۔ عربی چونکہ دینی علوم کا سرچشمہ تھی اور اسلام کے اصل مآخذ عربی ہی میں تھے، اس لیے شائقین علوم و فضل اسے شوق سے سیکھتے تھے۔ سندھیوں نے عربی زبان اور عربی علوم میں وہ پایہ حاصل کیا کہ مدینہ منورہ میں انھوں نے درس و تدریس کی مسندیں آراستہ کیں اور عالم اسلام کے اکابر جواہر فیوض کے لیے ان کے سامنے عقیدت سے دامن پھیلاتے رہے۔

ب۔ ''بتایا تو ہے کہ ٹیچر ہوں بچوں کو اپنے سفر کے قصے سناتا ہوں اور قدرت کے قریب لے جانے کی کوشش کرتا ہوں۔۔۔انسان نیچر کا ایک حصہ ہے اسے اسی کے پاس واپس جانا چاہیے۔۔۔اور انسان کبھی نہیں مرتا۔۔۔انسان اور اس کا جذبہ۔۔۔مٹی سے کسی نے پوچھا تم میں خوشبو کہاں سے آئی؟ کہنے لگی میں گلاب کے پاس رہی ہوں۔ مجھ میں پوری کائنات کی خوشبو ہے۔۔۔ میں اس کا ایک حصہ بن چکی ہوں۔۔۔''

سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+4=6)

الف۔
ہر نفس طوفان ہے ہر سانس ہے اک زلزلا
موت کی جانب رواں ہے زندگی کا قافلا
مضطرب ہر چیز ہے جنبش میں ہے ارض و سما
ان میں قائم ہے تو تیرے رب کے چہرے کی ضیا

ب۔
آپ بے جرم یقیناً ہیں مگر یہ فدوی
آج اس کام پہ مامور بھی مجبور بھی ہے
عید کا روز ہے کچھ آپ کو دینا ہو گا
رسمِ دنیا بھی ہے موقع بھی ہے دستور بھی ہے

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔
سر تا قدم زبان ہیں جوں شمع گو کہ ہم
پر یہ کہاں مجال جو کچھ گفتگو کریں

ب۔
کہوں کس سے میں کہ کیا ہے! شبِ غم بری بلا ہے
مجھے کیا برا تھا مرنا، اگر ایک بار ہوتا

ج۔
حجاب اکسیر ہے آوارۂ کوئے محبت کو
مری آتش کو بھڑکاتی ہے تیری دیر پیوندی

د۔
حالِ دل ہم بھی سناتے لیکن
جب وہ رخصت ہوا تب یاد آیا

ہ۔
قفس میں جس کے بازو شل ہوئے رزقِ اسیری سے
وہی صیدِ زبوں صیاد کو صیاد کرتا ہے

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون لکھیں: (15)

الف۔ کرپشن کا ناسور اور اس کا تدارک

ب۔ بے محبتِ پیہم کوئی جوہر نہیں کھلتا

ج۔ تعلیمِ نسواں کی اہمیت

د۔ عبدالستار ایدھی۔ ایک بے لوث خدمت گار

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-II

| Version No. | 8 | 0 | 3 | 6 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25 منٹ Group-II حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ا:** مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1) جو تحریر کسی کی زندگی کی داستان کو ظاہر کرے اسے ________ کہتے ہیں۔
A آپ بیتی B خود کلامی C رپورتاژ D روداد

2) قریش نے جب دیکھا کہ اب مسلمان مدینہ میں جا کر طاقت پکڑتے جاتے ہیں اور وہاں اسلام پھیلتا جاتا ہے تو انھوں نے کہاں اجلاس عام کیا؟
A ابوسفیان کے ہاں B دارالندوہ C حرم پاک D ابوجہل کے گھر میں

3) ''توبۃ النصوح'' کا موضوع کیا ہے؟
A تاریخی B سیاسی C رومانوی D اولاد کی تربیت

4) ''سان فرانسسکو'' کی جو گلی سب سے زیادہ ٹیڑھی ہے اس میں کتنے بل ہیں؟
A 475 B 600 C 575 D 225

5) مرزا فرحت اللہ بیگ کس کے شاگرد تھے؟
A علامہ شبلی نعمانی B میر حسن C سرسید احمد خان D مولوی نذیر احمد

6) سوانحی خاکہ ''سر اقبال مرحوم'' کس کی تحریر ہے؟
A میرزا ادیب B محمد حسین آزاد C چراغ حسن حسرت D رشید احمد صدیقی

7) نظم ''خمستانِ ازل کا ساقی'' میں شاعر کے مطابق انسان سراپا کیا ہے؟
A خطاپوش B گناہگار C معصیت D جھوٹ

8) اکبر الٰہ آبادی کا سنِ وفات کیا ہے؟
A 1927ء B 1921ء C 1920ء D 1925ء

9) تیرگی کے معنی کیا ہیں؟
A اندھیرا B روشنی C سایہ D پردہ

10) ہم تو ہیں بس دو گھڑیوں کو اس جگ میں مہمان
تم سے ہے اس دیس کی شوبھا، اس دھرتی کا مان
درج بالا شعر کا انتخاب نصاب میں شامل کون سی نظم سے ہے؟
A ریل کا سفر B سورۂ رحمٰن C فرضی لطیفہ D ہری بھری فصلو

11) نظم ''اے نسیم بہشت'' کے شاعر کی نشاندہی کیجیے۔
A احسان دانش B مجید امجد C جام درک D جوش ملیح آبادی

12) خواجہ میر درد کس صدی عیسوی کے اہم شاعر ہیں؟
A انیسویں B سولہویں C سترہویں D اٹھارہویں

13) غالب کے مطابق غم کیا ہے؟
A جاں گسل B دوست C مہربان D دشمن

14) شہرِ طرب کس شاعر کی یادوں کا حصہ ہے؟
A غلام ہمدانی مصحفی B فراق گورکھپوری C تابش دہلوی D ناصر کاظمی

15) شعری مجموعہ ''غزلستان'' کے خالق کا نام بتایئے۔
A فراق گورکھپوری B علامہ اقبال C ناصر کاظمی D میر درد

16) شاعر تابش دہلوی کے مطابق ان کے گھر کا رستہ ________ نے دیکھ لیا ہے۔
A بے گھری B غربت C مصیبت D موت کے فرشتے

17) 'اس نے رقم اپنی جیب میں رکھ لی۔ اس جملے میں ''رکھ'' کون سا فعل ہے؟
A اصل فعل B فعل ناقص C فعل لازم D امدادی فعل

18) رموزِ اوقاف میں : کس کی علامت ہے؟
A تفصیلیہ B وقفہ C سکتہ D رابطہ

19) اسلم کا بیٹا امتحان میں پاس ہو گیا۔ اس جملے میں ''کا'' کون سا حرف ہے؟
A حرفِ ربط B حرفِ عطف C حرفِ علت D حرفِ شرط

20) علم اور نیک چلنی انسان کا درجہ بڑھا۔۔۔۔ قواعد کے مطابق جملہ کی تکمیل کے لیے درست جزو کا انتخاب کیجیے:
A دیتی ہے B دیتا ہے C دیتی ہیں D دیتے ہیں

---

# أردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی -II

**GROUP – II**

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر۲: درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) اودے پور کے رانا نے لشکر کیوں جمع کیا؟

(ii) ''اس ناشاد نے دنیا کا کچھ نہیں دیکھا'' اس جملے میں ناشاد سے کون مراد ہے؟ نیز یہ بھی بتائیے کہ یہ جملہ کس نے اور کس موقع پر کہا؟

(iii) مستنصر حسین تارڑ کے مطابق سفری دوستی کی خوبی کیا ہے؟

(یا)

کیفی صاحب کا پورا نام کیا تھا اور مولوی عبدالحق کے ان کے ساتھ مراسم کیسے تھے؟

(iv) تلاشِ حق میں روما، حبش اور ایران سے کون کون آئے؟

(v) حالی نے دین کو چشمہ صافی کیوں کہا؟

(vi) نظم ''فرضی لطیفہ'' میں ٹھونسی ہوئی چیزوں کے احساس سے کیا مراد ہے؟

(یا)

کرسی اور عیب میں کیا تعلق ہے؟

(vii) شاعر میر دردؔ نے زندگی کو طوفان سے کیوں تشبیہ دی؟ مختصر وضاحت کیجیے۔

(viii) آزاد بندوں کے لیے کون سی دنیا قابلِ قبول ہے؟

(ix) شاعر جولاں گہ حیات میں منزل کرنے کے خلاف کیوں ہے؟

(یا)

صیاد نے ظلم کے جو نئے طریقے اختیار کیے ہیں اس کی ایک مثال دیجیے۔ (بحوالہ غزل تابش دہلوی)

(x) رہنا، چکنا، پڑنا کو بطور امدادی افعال جملوں میں استعمال کیجیے۔

(xi) مطابقت کے اصولوں کے مطابق جملوں کو درست کیجیے۔

الف۔ ماموں بھانجا لڑ پڑا/ پڑے۔

ب۔ ''تعزیراتِ پاکستان'' چھپ گئی/ گئیں۔

ج۔ میں نے وہاں کے آم میٹھے پایا/ پائے۔

(xii) 'واوین' کی تعریف کیجیے اور دو مثالیں بھی دیجیے۔

(یا)

حرفِ شرط کی تعریف دو مثالوں سے واضح کیجیے۔

سوال نمبر۳۔ بیٹے کے نام خط لکھ کر اسے صبح کی سیر کے فوائد سے آگاہ کیجیے۔ (8)

(یا)

ایک پرانے قلم کی آپ بیتی لکھیے۔

## حصہ سوم (کل نمبر 36)

سوال نمبر۴۔ سبق اور مُصَنِّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ لکھنا پڑھنا اس نے پانچ ہزار سال قبل سیکھا۔ اس لیے اس نے تجربے اور مشاہدے کے ذریعے سے اس کائنات اور اس کی مادی چیزوں، زمین، آسمان، چاند، تارے، سمندر، دریا، پہاڑ، صحرا، حیوانات اور پودوں کے بارے میں جو کچھ حاصل کیا اسے وہ لکھتا گیا۔ اس کی لکھی ہوئی تحریریں مصر اور عراق سے ملی ہیں۔ مصر کی تحریریں کاغذ کے بنے ورقوں پر ہیں۔ مصر میں کاغذ ایک پیڑ کے تنے کے گودے کو پیس کر بنایا جاتا تھا۔ وہ کاغذ پیپائرس (papyrus) کہلاتا تھا۔

ب۔ پھر حالات ناموافق سروسامان ناپید، وقت ساتھ نہیں دیتا اور رفقا ہمرہان سست عناصر دو قدم ساتھ نہیں چل سکتے۔ مسئلہ فلسطین کی گتھی کون سلجھائے؟ مسلمانوں کی تجارت کا انتظام کون کرے؟ مسجدوں کی تنظیم کے لیے کہاں سے کارکن آئیں؟ مسلم لیگ کی شاخیں کون کھولے؟ تحریک ملت تو چل رہی ہے لیکن اس تحریک کو سارے ہندوستان میں پھیلانا ہے۔ تبلیغ کا کام بھی تھوڑا بہت ہوتے رہنا چاہیے اور ان جھگڑوں میں اردو کی خدمت تو رہ گئی اردو میں کام کی کتابیں انگلیوں پر گننے کے لائق ہیں یورپی زبانوں کی ساری قابل ذکر کتابوں کا ترجمہ اردو میں ہونا چاہیے۔

سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+4=6)

الف۔
بڑی بی آپ کو کیا ہوگیا ہے
ہرن پر لادی جاتی ہے کہیں گھاس
یہ اچھی قدر دانی آپ نے کی
مجھے سمجھا ہے کوئی ہرچرن داس

ب۔
کس پیچاک میں صیقل کلہاڑا جگمگاتا ہے
کسی روزن سے اک کالا سلیپر منہ کو آتا ہے
کھڑے حقے بمعہ مینار آتشدان کو دیکھو
یہ قوم بے سروسامان کا سامان تو دیکھو

سوال نمبر۶۔ درج ذیل میں سے تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔
ڈھونڈتے ہیں آپ سے اسکو پرے
شیخ صاحب چھوڑ گھر، باہر چلے

ب۔
شتاب آئیو ٹھہرا رکھیں گے ہم اس کو
جو دم لبوں پہ شبِ انتظار ٹھہرے گا

ج۔
سعی پیہم ہے ترازوئے کم و کیف حیات
تیری میزاں ہے شمار سحر و شام ابھی

د۔
کب دیکھیے دلوں کو ملے اذنِ یاس ابھی
بیگانہ وار کہتی ہے وہ آنکھ ابھی نہیں

ہ۔
بند آنکھوں سے دیکھ لی دنیا
ہم نے کیا کچھ نہ دیکھ کر، دیکھا

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (15)

الف۔ اقبالؒ کا نوجوان
ب۔ سائنسی ترقی اور ہمارا معاشرہ
ج۔ پانی کی کمی۔۔ دور جدید کا اہم مسئلہ
د۔ مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا